## عوام کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو قربانی کے جانوروں کی کھالیں عطیہ کرنا، ایم کیوایم کی بلاامتیاز وتفریق عوامی خدمت پرعوام کے اعتماد کا کھلا ثبوت ہے، الطاف حسین

## عیدالاضحیٰ کے موقع پرخدمت خلق فاؤنڈیشن کو قربانی کے جانوروں کی کھالیں دینے پر ملک بھر کے عوام سے اظہار تشکر

## قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کرنے کیلئے دن رات محنت کرنے پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں، ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کو خراج تحسین

لندن۔۔۔30، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کو قربانی کے جانوروں کی کھالیں دینے پر ملک بھر کے عوام سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس سال بھی صوبہ سندھ کے علاوہ صوبہ پنجاب، بلوچستان، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام نے بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کو قربانی کی کھالیں عطیہ کی ہیں جس کے باعث اس سال خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ریکارڈ تعداد میں قربانی کے جانوروں کی کھالیں حاصل ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو قربانی کے جانوروں کی کھالیں عطیہ کرنا، ایم کیوایم کی بلاامتیاز وتفریق عوامی خدمت پر عوام کے اعتماد کا کھلا ثبوت ہے۔ جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کو قربانی کے جانوروں کی کھالیں دینے پر ملک بھر کے عوام سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اور اس کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن عوام کے تعاون سے بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، مسلک، عقیدہ اور مذہب غریب ومستحق افراد کی عملی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ جناب الطاف حسین نے عید کی خوشیوں کو قربان کرکے غریب ومستحق افراد کیلئے قربانی کے جانوروں کی کھالیں جمع کرنے کیلئے بھوک پیاس کی پرواہ کئے بغیر دن رات محنت کرنے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست عوامی نمائندوں، ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تمام رضا کاروں، ایم کیوایم کی تمام صوبائی کمیٹیوں کے ذمہ داران، زونل، سیکٹر اور یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران بالخصوص ایم کیوایم کے ایک ایک کارکن کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## حق پرست بلدیاتی نمائندے عبادت سمجھ کر عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت میں مصروف ہیں، الطاف حسین

## حق پرست قیادت کو موقع ملا تو وہ ملک بھر کے عوام کی عملی خدمت کی روشن مثالیں قائم کرسکتی ہے

## عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائش ٹھکانے لگانے کیلئے صحت وصفائی کے بہترین انتظامات پر حق پرست بلدیاتی قیادت اور شہری حکومت کے عملے کو الطاف حسین کا خراج تحسین

لندن۔۔۔30، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائش ٹھکانے لگانے کیلئے صحت وصفائی کے بہترین انتظامات پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل سمیت تمام حق پرست بلدیاتی نمائندوں اور شہری حکومت کے عملے کو دل کی گہرائی سے زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائش ٹھکانے لگانے کیلئے ناقص انتظامات کے باعث نہ صرف شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا بلکہ جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر دکھائی دیتے تھے اور گندگی کے ڈھیر سے اٹھنے والا تعفن شہریوں کیلئے ذہنی اذیت کا باعث بنا رہتا تھا۔ تاہم گزشتہ کئی برسوں کی طرح اس سال بھی شہری حکومت کی جانب سے قربانی کے جانوروں کی آلائش ٹھکانے لگانے کیلئے سائنسی بنیادوں پر خصوصی انتظامات کئے گئے جس کے باعث صوبہ سندھ کے مختلف شہروں بالخصوص کراچی میں شہری حکومت کی جانب سے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں ٹھکانے لگانے کیلئے صحت وصفائی کے خصوصی انتظامات کئے گئے جس کے باعث کسی بھی جگہ گندگی کے ڈھیر دکھائی نہیں دیئے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم خلق خدا کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور حق پرست بلدیاتی نمائندے عبادت سمجھ کر عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت میں مصروف ہیں اور اگر حق پرست قیادت کو موقع ملا تو وہ ملک بھر کے عوام کی عملی خدمت کی روشن مثالیں قائم کرسکتی ہے۔

جناب الطاف حسین نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی آلائش ٹھکانے لگانے کیلئے صحت وصفائی کے بہترین انتظامات پر حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، تمام کونسلرز اور شہری حکومت کے عملے کے ارکان کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## کراچی سمیت ملک بھر کے عوام نے قربانی کے جانوروں کی کھالیں عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز بھی خدمت خلق فاؤنڈیشن کو بہت بڑی تعداد میں عطیہ کیں

کراچی۔۔۔30،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز بھی کراچی سمیت ملک بھر کے عوام نے قربانی کے جانوروں کی کھالیں بہت بڑی تعداد میں عطیہ کیں اوراس سلسلے میں عوام کا جذبہ قابل دید تھا۔کراچی میں قربانی کے جانوروں کی کھالوں کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام فیڈرل بی ایریا بلاک 6 میں واقع گراؤنڈ میں مرکزی کلیکشن پوائنٹ بنایا گیا ہے جبکہ اس کے علاوہ سیکٹراور یونٹ کی سطح پرکئی کلیکشن پوائنٹ بنائے گئے تھے جہاں عوام کی بڑی تعداد نے دوسرے روز بھی ازخود پہنچ کرقربانی کی کھالیں جمع کرائیں۔اسی طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اورایم کیوایم کے کارکنوں نے بھی رضا کارانہ طور پرشہر بھر سے کھالیں وصول کیں اوران کی رسیدیں بھی شہریوں کوفراہم کیں۔عیدالاضحیٰ کے دوسے روز بھی عوام نے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپورتعاون کیااورازخودقربانی کے جانوروں کی کھالیں لیکرمراکز پر پہنچے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار،انیس احمد قائم خانی، دیگرارا کین رابطہ کمیٹی،حق پرست وزراء،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین نے مرکزی کلیکشن پوائنٹ سمیت شہر کے دیگر علاقوں میں قائم کئے گئے کلیکشن پوائنٹوں کا دورہ کیا اور رضا کاروں اور کارکنوں سے ملاقاتیں کیں اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کیلئے قربانی کی کھالیں جمع کرنے پران کے جذبے کی تعریف کی۔اس موقع پرڈاکٹر فاورق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم جدوجہد بلاتفریق خدمت کے عمل سے عبارت ہے اور یہی وجہ ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پرعوام بہت بڑی تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کوقربانی کی کھالوں کا عطیہ دیتے ہیں جس سے سالہا سال مستحقین کی خدمت کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز بھی کراچی کی طرح اندرون سندھ،صوبہ پنجاب،سرحد، بلوچستان،آزاد کشمیراورگلگت بلتستان سمیت ملک بھر کے عوام نے قربانی کے جانوروں کی کھالیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعطیہ کیں جس نے ماضی کے ریکارڈ کو بھی توڑ دیا۔

☆☆☆☆☆